☆ انجمن مسیحی عوامی حقوق پاکستان

☆ اقلیتی موومنٹ

☆ پیپلز میشن فار جسٹس

☆ یونائیٹڈ عوامی فرنٹ پاکستان

اجلاس میں بشپ جان جوزف کو سینٹ (مقدس) کا درجہ دینے کے لیے پاپائے روم کو تحریری سفارش کی گئی۔ اجلاس میں طے پایا کہ آں جہانی بشپ جان جوزف کی قبر پر عظیم الشان یادگار تعمیر کی جائے گی۔ "کرسچن لبریشن فرنٹ" کے قائد نے کہا کہ "بشپ جان جوزف نے جس انقلاب کا آغاز اپنے لہو سے کیا تھا ہم اس کی ہر صورت میں تکمیل کریں گے۔" (روزنامہ "جنگ"، لاہور- ۲۰ جولائی ۱۹۹۸ء)

مسیحی اقلیت اور یوم پاکستان

معاصر جریدے "شاداب" نے اگست ۱۹۹۸ء کے شمارے میں "اقلیتیں اور یوم پاکستان" کے عنوان سے اداریہ لکھا ہے۔ مدیر نے شکوہ کیا ہے کہ "حسب سابق اس سال بھی یوم پاکستان پر اقلیتوں کو قومی تقریبات میں شامل کرنے سے گریز کی پالیسی پر عمل جاری رہا۔ ابلاغ عامہ کے سرکاری اور نیم سرکاری اداروں سمیت قومی اخبارات میں بھی یوم پاکستان اور جشن آزادی کے حوالے سے اقلیتوں کو نظر انداز کیا گیا۔ یہی صورت حال گزشتہ سال وطن عزیز کی ۵۰ سالہ جوبلی کے دوران قائم رہی۔"

شاید اخبارات و جرائد کے صفحات میں اقلیتوں، اور بالخصوص مسیحی اقلیت کی خدمات پر زیادہ نہیں لکھا جا سکا، تاہم "کاتھولک نقیب" کی شائع کردہ یہ خبر تسکین کا باعث ہے:

"یوم آزادی کے حوالے سے ۱۴ اگست کو لاہور پی-ٹی-وی سے کرسچن کمیونٹی کی طرف سے کیتھولک براڈکاسٹنگ ایسوسی ایشن نے ملی نغمہ پیش کیا۔ نغمہ نگار اصغار عبدالعلی اور موسیقار سلیم حیدر اور پروڈیوسر طارق احمد تھے۔ اس پروگرام کے آرگنائزر ڈیوڈ انجم (سیکرٹری پروگرام کیتھولک براڈکاسٹنگ ایسوسی ایشن) تھے۔" (کاتھولک نقیب، لاہور- ۱۶ تا ۳۱ اگست ۱۹۹۸ء)